

غزہ میں نام نہاد امن کونسل کے قیام کا اعلان کردیا گیا ص:02

ISSN 2977-3555

روزنامہ

# صحافت

برمنگھم

باخبر، باا ثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.

**Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun**

Volume No.03, Issue No.191, Sunday 18 January, 2026, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱۹۱)، بروز اتوار، ۱۸ جنوری، ۲۰۲۶ء، ۲۸ رجب المرجب ۱۴۴۷، ۸ صفحات

## غزہ سے یکجہتی کے لیے مراکش میں لاکھوں افراد کے احتجاجی مظاہرے



مغادیشو: جمعہ کے روز مراکش کے لاکھوں شہریوں نے ملک کے مختلف علاقوں میں احتجاجی مظاہروں میں شرکت کی اور غزہ کی پٹی کے فلسطینی عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ یہ مظاہرے مراکشی کمیٹی برائے نصرت مسائل مسلم امہ کی اپیل پر جمعہ کی نماز کے بعد منعقد کیے گئے جن کا عنوان "جمعہ الاقصیٰ نصرت" رکھا گیا۔ یہ احتجاجی اجتماعات مملکت کے کئی شہروں میں ہوئے جن میں دارالبیضاء المحمدیہ انزکان وجدہ مکناس قلعہ السراغنہ اور طنجہ شامل ہیں۔

مظاہرین نے فلسطین کا پرچم تھام رکھا تھا اور قبہ الصخرہ کی تصاویر اور حماس کے قائدین کی تصاویر لہرائیں کیں۔ کئی بینرز پر فلسطین امانت ہے اور نارملائزیشن غداری ہے جیسے نعرے درج تھے۔

شرکاء نے فلسطینی دھڑوں کی حمایت میں نعرے لگائے اور فلسطینی قضیے کی مسلسل حمایت کا مطالبہ کیا۔ ان نعروں میں غزہ سرخرو کو مراکش کا سلام اور عوام چاہتے ہیں فلسطین کی آزادی جیسے الفاظ گونجتے رہے۔ آٹھ اکتوبر سنہ 2023ء سے گذشتہ دو برس کے دوران امریکہ کی پشت پناہی سے قابض اسرائیل کی جانب سے غزہ میں جاری نسل کشی کے نتیجے میں اکہتر ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور ایک لاکھ اکہتر ہزار زخمی ہو چکے ہیں جن میں اکثریت بچوں اور خواتین کی ہے۔ اس سفاکیت کے باعث شہری بنیادی ڈھانچے کا تقریباً نوے فیصد تباہ ہو چکا ہے جبکہ اقوام متحدہ کے مطابق غزہ کی تعمیر نو کی لاگت تقریباً ستر ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔

## شمالی القدس اور مشرقی رام اللہ کی کالونیوں کے الحاق کے لیے روڈ 45 صہیونی منصوبے پر انتباہ

غزہ: فلسطین میں یہودی آبادکاری کے امور سے وابستہ متعلقہ اداروں نے خبردار کیا ہے کہ قابض اسرائیل نے نوآبادیاتی منصوبہ روڈ 45 پر عملی کام شروع کرنے کی تیاری کر لی ہے۔ آئندہ ہفتوں میں بھاری بجٹ کے ساتھ اس منصوبے کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کیا گیا ہے جو شمالی القدس اور مشرقی رام اللہ میں قائم صہیونی کالونیوں کے الحاق کو مستحکم کرنے اور انہیں القدس شہر سے جوڑنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد مشرقی رام اللہ اور شمالی القدس میں قائم کالونیوں کو براہ راست نوآبادیاتی روڈ 443 سے منسلک کرنا ہے جو القدس اور سنہ 1948ء کے مقبوضہ علاقوں تک جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں آبادکاروں کے سفر کا وقت کم ہو جائے گا اور انہیں مقبوضہ اندرونی شہروں سے براہ راست رابطہ فراہم کیا جائے گا۔

منصوبے کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں مقبوضہ شمال مشرقی القدس میں واقع گاؤں مخماس کی زمینوں پر قائم کالونی مخماس کے اطراف سے شروع ہوں گی جو مغرب کی جانب قلندیا چوکی کی سرنگ تک پھیلیں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ حزما فوجی چوکی سے لے کر مشرقی رام اللہ کے علاقے عیون الحرامیہ تک پھیلی متبادل سڑکوں کی وسیع پیمانے پر توسیع کی جائے گی۔ یہ تمام سڑکیں ایک مربوط نیٹ ورک کا حصہ ہوں گی جو کالونیوں کی خدمت کریں گی آبادکاری کے تسلط کو مضبوط بنائیں گی اور پورے علاقے کو الگ تھلگ جزیروں میں تبدیل کر دیں گی۔ یہ سب کچھ آبادیاتی اور جغرافیائی یہودیانے کی پالیسی کے تحت کیا جا رہا ہے۔ روڈ 45 منصوبہ ایک پرانے نقشے کا تسلسل ہے جو سنہ 1983ء سے چلا آ رہا ہے اور جسے فوجی حکم نامہ نمبر 50 برائے روڈز کہا جاتا ہے۔ اس کا مقصد فلسطینی آبادیوں کو ٹکڑوں میں بانٹنا انہیں متبادل سڑکوں کے پیچھے محصور کرنا اور کالونیوں کے بنیادی ڈھانچے کو قابض اسرائیل کے مرکزی نیٹ ورک میں ضم کرنا ہے تاکہ زمین پر عملی بالادستی مسلط کی جا سکے۔ گذشتہ برسوں کے دوران گاؤں جبع قلندیا کفر عقب الرام مخماس اور برقہ کے فلسطینی زمین مالکان کی جانب سے دائر کی گئی قانونی درخواستوں کو محض رسمی کارروائی سمجھا گیا جبکہ دوسری جانب منصوبہ بندی اور زمینی سطح پر کام بلاتعطل جاری رہا۔ بالخصوص قلندیا کی سرنگ میں تعمیراتی سرگرمیاں تیزی سے آگے بڑھائی گئیں تاکہ کسی بھی عدالتی فیصلے سے پہلے ہی نئے زمینی حقائق مسلط کر دیے جائیں اور فلسطینیوں کے حقوق کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جا سکے۔ یہ منصوبہ ایک جامع آبادکاری وژن کا حصہ ہے جس کا مقصد آمدورفت کو آسان بنا کر سیکڑوں ہزار نئے آبادکاروں کو راغب کرنا ہے تاکہ وہ مغربی کنارے کے قلب میں سکونت اختیار کریں اور ساتھ ہی القدس شہر سے تیز رفتار رابطہ بھی برقرار رکھ سکیں۔

## غزہ میں فلسطینیوں کی منظم نسل کشی کے ہولناک اعداد و شمار، شہداء کی تعداد 71 ہزار سے تجاوز کر گئی



غزہ: غزہ کی وزارتِ صحت نے اعلان کیا ہے کہ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قابض اسرائیل کی مسلسل فوجی جارحیت کے نتیجے میں ایک فلسطینی شہید اور 6 زخمی مختلف ہسپتالوں میں لائے گئے۔

وزارت صحت نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ شدید سردی کے باعث 27 دن کی ایک معصوم بچی جان کی بازی ہار گئی، جس کے بعد موسمِ سرما کے آغاز سے اب تک سردی کے باعث شہید ہونے والے بچوں کی تعداد 8 ہو چکی ہے۔ یہ صورتحال قابض اسرائیل کی مسلط کردہ ناکہ بندی اور انسانی المیے کی سنگینی کو بے نقاب کرتی ہے۔

وزارتِ صحت کے مطابق اب بھی متعدد شہداء اور زخمی ملبے تلے اور سڑکوں پر دبے ہوئے ہیں جبکہ ایمبولینس اور سول ڈیفنس کی ٹیمیں شدید تباہی اور سکیورٹی خطرات کے باعث تاحال ان تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔

بیان میں کہا گیا کہ سیز فائر کے اعلان یعنی سنہ 11 اکتوبر کے بعد سے اب تک شہداء کی تعداد 464 تک پہنچ چکی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 275,1 ہو گئی ہے۔ اس دوران ملبے سے نکالے گئے فلسطینیوں کی مجموعی تعداد 712 بتائی گئی ہے۔

وزارت صحت نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل کی جانب سے شروع کی گئی جارحیت کے آغاز یعنی سات اکتوبر 2023ء سے اب تک مجموعی طور پر 548,71 فلسطینی شہید اور 353,171 زخمی ہو چکے ہیں، جو غزہ میں جاری منظم نسل کشی کی ہولناک تصویر پیش کرتا ہے۔

وزارتِ صحت نے مزید بتایا کہ شہداء کی مجموعی فہرست میں 92 نئے شہداء کا اضافہ کیا گیا ہے جن کے کوائف مکمل ہونے کے بعد شہداء کی منظوری دینے والی کمیٹی نے انہیں باضابطہ طور پر تسلیم کیا۔ یہ شہداء سنہ 02 جنوری 2026 سے 16 جنوری 2026 کے درمیان ریکارڈ میں شامل کیے گئے۔

## یورپی یونین کا ای ون استعماری منصوبہ روکنے کا مطالبہ: یورپی یونین



غزہ: یورپی یونین نے قابض اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ای ون استعماری منصوبہ فوری طور پر بند کرے جس کے تحت 3401 استعماری رہائشی یونٹس تعمیر کرنے کا منصوبہ شامل ہے۔ اسی کے ساتھ یورپی یونین نے نام نہاد خودمختاری سڑک منصوبے پر بھی عمل درآمد روکنے کا مطالبہ کیا ہے جو القدس کے مشرق میں بلدہ العیزریہ اور الزعیم کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ اس منصوبے کے نتیجے میں پورا علاقہ فلسطینی شہریوں کی آمدورفت کے لیے بند ہو جائے گا جو مغربی کنارے کے رقبے کے تقریباً 3 فیصد کے برابر ہے۔

یورپی یونین نے جمعہ کے روز جاری بیان میں عطروت نامی استعماری منصوبے پر گہری تشویش کا اظہار کیا جو القدس کے شمال میں سابق بین الاقوامی ہوائی اڈے کی اراضی کو نشانہ بناتا ہے اور اس کے تحت تقریباً 1243 دونم رقبے پر نو ہزار کے قریب استعماری یونٹس تعمیر کیے جانے ہیں۔ اسی طرح شیخ جراح کے محلے میں نحلات شمعون منصوبے پر بھی تشویش ظاہر کی گئی جو بالخصوص ارض النقاع کے علاقے میں واقع ہے جہاں پورے محلے کو مسمار کر کے تقریباً 17 دونم پر مشتمل استعماری بستی قائم کی جائے گی جس میں 316 یونٹس تعمیر ہوں گے اور اس کے نتیجے میں تقریباً 40 فلسطینی خاندانوں کے گھروں کو مٹا دیا جائے گا۔

یورپی یونین نے واضح کیا کہ قابض اسرائیلی حکومت کی جانب سے اپنائی جانے والی استعماری پالیسی امن کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے اور اس سے مغربی کنارے میں مزید عدم استحکام کا خطرہ بڑھتا ہے۔ یہ پالیسی ہزاروں فلسطینیوں کی جبری بے دخلی مغربی کنارے کی جغرافیائی تقسیم صہیونی آبادکاروں کے تشدد میں اضافے اور طویل المدت بنیادوں پر امن کے امکانات کو شدید نقصان پہنچانے کا باعث بن رہی ہے۔

یورپی یونین کے مطابق یہ اقدامات القدس کو دونوں ریاستوں کا مستقبل کا دارالحکومت بنانے والے دو ریاستی حل کی عملی حیثیت کو بھی کمزور کر رہے ہیں۔

یورپی یونین نے قابض اسرائیلی حکومت پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر استعماری توسیع سے پیچھے ہٹے کیونکہ بین الاقوامی قانون کے تحت یہ بستیاں غیر قانونی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ گذشتہ مہینوں کے دوران مغربی کنارے بشمول مشرقی القدس میں نئے استعماری منصوبوں کی منظوری کی رفتار میں خطرناک حد تک تیزی لائی گئی ہے۔

یورپی یونین نے مزید مطالبہ کیا کہ قابض اسرائیل بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی پاسداری کرے اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں فلسطینی آبادی کو تحفظ فراہم کرے۔

## عالمی آرکسٹرا کنڈکٹر نے غزہ جنگ کے خلاف ثقافتی بائیکاٹ اختیار کرلیا: زوبن مہتا



غزہ: عالمی شہرت یافتہ آرکسٹرا کنڈکٹر زوبن مہتا نے اعلان کیا ہے کہ وہ آئندہ برس کے دوران قابض اسرائیل میں اپنی تمام فنی مصروفیات اور منصوبے منسوخ کر رہے ہیں۔ یہ فیصلہ انہوں نے فلسطینیوں کے خلاف بنجمن نیتن یاھو حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کے طور پر کیا ہے اور اس طرح وہ غزہ پٹی پر جاری نسل کش جنگ کے بعد قابض اسرائیل کے خلاف ابھرتی ہوئی عالمی ثقافتی بائیکاٹ تحریک میں شامل ہو گئے ہیں۔

زوبن مہتا جو اس وقت 89 برس کے ہیں نے بھارتی چینل انڈیا ٹوڈے کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ ان کا یہ فیصلہ اس شدید مخالفت کا نتیجہ ہے جو وہ مجموعی فلسطینی قضیے کے حوالے سے بنجمن نیتن یاھو کے طرز عمل پر رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا میں اب آنکھیں بند نہیں کر سکتا جیسا کہ میرے بہت سے ساتھی کرتے ہیں۔

سینئر آرکسٹرا کنڈکٹر نے قابض اسرائیل میں آئندہ ہونے والے انتخابات کے ذریعے کسی حقیقی سیاسی تبدیلی کے امکان پر بھی مایوسی کا اظہار کیا اور کہا کہ کنیسٹ میں نیتن یاھو کو حاصل وسیع پارلیمانی اکثریت کسی سنجیدہ تبدیلی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔

ایک ایسی فنی شخصیت کی جانب سے جو طویل عرصے تک قابض اسرائیلی ثقافتی اداروں سے وابستہ رہی یہ بیان غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ زوبن مہتا نے واضح کیا کہ اب ان کے لیے فن اور سیاسی حقیقت کے درمیان فاصلہ رکھنا ممکن نہیں رہا۔ انہوں نے فنکاروں اور دانش وروں سے مطالبہ کیا کہ وہ متنازع اور ظالمانہ معاملات پر واضح اخلاقی مؤقف اپنائیں اور کہا بہت سے لوگ خاموشی کو ترجیح دیتے ہیں مگر میں ان میں شامل نہیں ہو سکتا۔

زوبن مہتا کا یہ فیصلہ غزہ پٹی پر جاری جنگ کے بعد قابض اسرائیل کے خلاف ثقافتی اور فنی بائیکاٹ میں نمایاں اضافے کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ اس جنگ نے دسیوں ہزار فلسطینیوں کو شہید کیا شہری انفراسٹرکچر کو تباہ کر دیا اور سفاکیت پر مبنی جنگی جرائم اور اجتماعی قتل عام کو جنم دیا۔

گذشتہ دو برسوں کے دوران متعدد عالمی موسیقی بینڈز نے تل ابیب میں طے شدہ کنسرٹس منسوخ کیے جبکہ ادیبوں اور فنکاروں نے قابض اسرائیلی اداروں سے وابستہ ثقافتی میلوں اور نمائشوں سے اپنی شرکت واپس لے لی۔ اسی طرح مغربی جامعات اور عجائب گھروں کو قابض اسرائیلی اداروں کے ساتھ تعلیمی اور ثقافتی شراکت داریوں پر بڑھتے ہوئے دباؤ کا سامنا ہے کیونکہ فلسطین کے حق میں طلبہ اور فنکاروں کی تحریکیں مضبوط ہو رہی ہیں۔

بڑی فلمی اور ادبی تقریبات میں بھی اس وقت شدید تنازع دیکھنے میں آیا جب فنکاروں اور شرکا نے قابض حکومت یا جنگ کی حمایت کرنے والے اداروں کی میزبانی اور مالی تعاون کے خلاف احتجاج کیا۔ یہ منظر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ثقافتی بائیکاٹ اب محض انسانی حقوق کی سرگرمیوں تک محدود نہیں رہا بلکہ عالمی ثقافتی منظرنامے کے مرکز میں داخل ہو چکا ہے۔

زوبن مہتا کا مؤقف اس لیے بھی غیر معمولی سمجھا جا رہا ہے کہ وہ طویل عرصے تک فنکاروں کے قابض اسرائیل کے بائیکاٹ کے کھلے مخالف رہے ہیں۔ وہ ماضی میں جنگوں اور سکیورٹی کشیدگی کے باوجود قابض اسرائیل کا دورہ کرتے رہے اور وہاں موسیقی کی محفلوں کی قیادت کرتے رہے۔ تاہم ان کے حالیہ بیانات اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ سیاسی اور اخلاقی سطح پر ان کے مؤقف میں واضح تبدیلی آ چکی ہے کیونکہ وہ اب زمینی حقیقت کو نظرانداز کرنے کے قابل نہیں رہے۔

زوبن مہتا 29 اپریل 1936ء کو بھارت میں پیدا ہوئے۔ انہیں بیسویں صدی اور اکیسویں صدی کے آغاز کے ممتاز ترین کلاسیکی آرکسٹرا کنڈکٹرز میں شمار کیا جاتا ہے۔ وہ لاس اینجلس فلہارمونک آرکسٹرا اور نیویارک فلہارمونک آرکسٹرا سمیت دنیا کے کئی بڑے آرکسٹراز میں قائدانہ ذمہ داریاں انجام دے چکے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ 55 برس تک قابض اسرائیل کی آرکسٹرا کے اعزازی میوزک ڈائریکٹر رہے اور سنہ 2019ء میں ریٹائر ہوئے۔ انہوں نے ویانا میں موسیقی کی تعلیم حاصل کی اور کم عمری میں عالمی سطح پر شہرت حاصل کی۔ یورپ اور شمالی امریکہ کے نامور تھیٹرز اور آرکسٹراز کی قیادت کی اور اپنی طویل فنی خدمات کے اعتراف میں متعدد بین الاقوامی اعزازات اور انعامات حاصل کیے۔

